# پانی سے متعلق ہدایت نامہ برائے مالک مکان

# لان کی دیکھ بھال

موسم بہار اور موسم گرما کے دوران، بیرون خانہ **پانی دینے کی سرگرمیوں کی وجہ سے آپ کا پانی کا استعمال 30 سے 40 فیصد تک بڑھ سکتا ہے**۔ لان کی دیکھ بھال سے متعلق ان مشوروں پر عمل کرکے ایک صحت مند لان رکھتے ہوئے بھی اپنے پانی کے بل میں پیسے بچائیں۔ اپنے نئے یا موجودہ لان میں پانی دینے سے متعلق مزید مشوروں کے لیے ہماری واٹرنگ 101 گائڈ دیکھنا نہ بھولیں۔

## اپنے لان کو محدود کریں

لانس تفریحی مقامات کے لیے شاندار چیزیں ہیں، لیکن انہیں دیگر سبزے سے زیادہ پانی اور عام طور پر زیادہ دیکھ ریکھ کی ضرورت ہوتی ہے۔ کسی نئے باغیچہ کی منصوبہ بندی کرتے وقت اپنے لان کی جگہ کو محدود کرنے، یا موجودہ غیر مستعمل سبزہ زار کو YardSmart کے پودوں، جھاڑیوں یا زمین پر پھیلنے والی بیلوں سے بدلنے پر غور کریں۔ اپنے نئے یا موجودہ لان میں پانی دینے سے متعلق مزید مشوروں کے لیے پانی سے متعلق ہدایت نامہ برائے مالک مکان – واٹرنگ 101 اور پانی سے متعلق ہدایت نامہ برائے مالک مکان – کارگزار آب پاشی دیکھنا نہ بھولیں۔





19-0002046



## آپ کے لان کی مووِنگ کرنا (گھاس کو تراشنا)

**کیا + کیوں:** مووِنگ لان کی برابر دیکھ ریکھ کا حصہ ہے، اور ایک اچھا پڑوسی ہونے کا بھی حصہ ہے۔ آپ کی برابر مووِنگ کے مشاغل میں درج ذیل مشوروں کو شامل کرنا آپ کے لان کو صحت مند اور لچک دار رکھنے میں اور پانی دینے کی مجموعی ضروریات کو کم کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔

**کیسے:**


- ☐ **اپنی گھاس کو تین انچ لمبی رکھیں** – جب آپ اپنے لان کی گھاس تین انچ اونچی رکھیں گے تو ایک مزید گہری جڑ کا نظام پروان چڑھے گا اور مزید نمی برقرار رہے گی۔ زیادہ لمبی گھاس جڑوں کو ٹھنڈا رکھنے میں بھی مدد دیتی ہے، جس سے آپ کے لان کے لیے خشک سالی اور شدید گرمی کی مدتوں کا مقابلہ کرنے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔
- ☐ **گھاس کے تراشوں کو اپنے لان پر چھوڑ دیں** – گھاس کی سائیکلنگ نامیاتی مواد بڑھانے، گھاس پھوس کی حوصلہ شکنی کرنے، اور نمی برقرار رکھنے کے لیے مٹی کو تقویت بخش غذائیں واپس کرتی ہے۔ گھاس کے تراشے مفت کھاد فراہم کرتے ہیں جس سے آپ کے لان کو سرسبز ہونے میں مدد ملتی ہے۔
- ☐ **ٹائمنگ اہم ہے** – اپنی گھاس اس وقت نہ تراشیں جب وہ گیلی ہو یا دن کے بالکل درمیانی حصہ میں نہ تراشیں جب دھوپ میں تپش ہوتی ہے۔
- ☐ **برابر مووِنگ کے ایک لائحہ عمل کی تعمیل کریں** – ہر کٹائی میں آپ کو گھاس کی لمبائی کے ایک تہائی سے زیادہ نہیں کاٹنا چاہیے، تاکہ آپ کے گلاس بلیڈز کا اوپری سرا کٹنے سے بچا رہے۔ آپ کے لان کی بار بار مووِنگ کرنے سے آپ کی گھاس کو صحت مند رکھنے میں مدد ملے گی۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

شہر کالگیری کے کمیونٹی اسٹینڈرڈز بائی لاء 5M2004 کے تحت، نجی املاک کے مالکان کے لیے یہ یقینی بنانا لازمی ہے کہ گھاس کی اونچائی 15 سینٹی میٹر (6 انچ) سے زیادہ نہ ہو۔ ایک صحت مند اور خوبصورت زمینی منظر برقرار رکھنے کا مطلب فی الواقع ایک اچھا پڑوسی اور ایک کمیونٹی کا حصہ ہونا ہوتا ہے۔

**معاون مشورے:** دھیان رکھیں کہ آپ کے لان موور پر لگے بلیڈز تیز رہیں۔ یہ صفائی سے کاٹنے کو یقینی بنانے میں مدد دے گا، جو گھاس کی بہتر صحت کو فروغ دیتا ہے۔ وہ لان جو بہت زیادہ چھوٹے کاٹ دئے جاتے ہیں، خاص طور پر موسم گرما کی حرارت کے دوران، ان پر دباؤ پڑنے اور ان کے لیے بیماری کے تئیں اثرپذیر ہونے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔

# آپ کے لان کو ایئریٹ کرنا




**کیا + کیوں:** آپ کے لان کو سانس لینے کی ضرورت ہے، اور ایئریشن سے مدد مل سکتی ہے۔ لان کے ایئریشن میں چھوٹے سوائل پلگس یا کورز کو لان سے باہر نکالنا شامل ہوتا ہے۔ زیادہ تر ایئریشن مشینی طور پر کسی ایئریشن مشین کے ذریعہ کی جاتی ہے۔ جب لانوں کی عمر بڑھتی ہے یا وہ بھاری استعمال برداشت کرتے ہیں تو مٹی باہم جم سکتی ہے۔ **گھاس کی جڑوں کو بڑھنے اور تقویت بخش غذائیں اور پانی جذب کرنے کے لیے** آکسیجن کی ضرورت ہوتی ہے، اور باہمی جماؤڑا مٹی کے اندر ہوا کی مجموعی مقدار کو کم کرتا ہے۔ ایئریشن آپ کے لان کو درج ذیل کے ذریعہ فائدہ پہنچا سکتی ہے:

- مٹی کے مائیکروآرگنزمز کی اس سرگرمی کو بڑھانا جو تھیچ کو تحلیل کرتی ہے۔
- لچک کو بڑھانے کی خاطر لان کی جڑوں کے لیے زیادہ گہرے ہونے کا موقع فراہم کرتی ہے۔
- جڑوں کو بہتر بنانا۔
- زیادہ باہمی جماؤڑے والی جگہوں سے کھاد اور کیڑے مار دواؤں کو بہہ جانے سے روکنے میں مدد دیتی ہے۔

ایئریشن اکثر اوپر بیج ڈالنے یا فرٹیلائزنگ — لان کے اوپر گھاس کے بیج یا کھاد ڈالنے کے بعد ہوتی ہے، جو نئے بنے ہوئے سوراخوں میں گر جاتی ہے (اس ہدایت نامہ میں فرٹیلائزنگ اور بیج ڈالنا سیکشنز دیکھیں)۔

**کیسے:** ایئریٹرز بہت سے باغوں یا رینٹل سنٹرز سے کرائے پر لیے جا سکتے ہیں، اور زمینی منظر سے متعلق کچھ کمپنیاں آپ کے لیے یہ خدمت انجام دے دیں گی۔ لیکن یاد رکھیں کہ سوائل کور کو سطح پر لانے کے لیے مشین میں کھوکھلے دندانے یا اسپونس لگے ہوتے ہیں۔ البرٹا میں، ایئریٹ کرنے کا سب سے اچھا وقت مئی تا جون اور پھر ستمبر کے وسط میں ہے۔ سب سے اچھا ہے کہ سوائل کورز لان ہی میں چھوڑ دئے جائیں تاکہ بالآخر وہ اسی میں کام آسکیں۔

ایئریٹنگ کرتے وقت:

- ☐ ایئریٹنگ کی سفارش اس مٹی کے لیے نہیں کی جاتی ہے جس میں سطح کے فورا نیچے پتھر، چٹانیں یا درختوں کی جڑیں ہوں۔ بھاری چکنی مٹی کو ایئریٹ کرنا بھی بہت مشکل ہوتا ہے۔
- ☐ مٹی نم ہونی چاہیے لیکن گیلی نہیں۔ لانوں میں ایئریٹنگ سے دو دن پہلے اچھی طرح پانی دیا جانا چاہیے، تاکہ دندانے مٹی میں زیادہ اندر تک داخل ہو سکیں اور سوائل کورز آسانی سے دندانوں کے باہر گر سکیں۔
- ☐ اگر لمبی بارش کے بعد ایئریٹنگ کر رہے ہیں تو اس وقت تک انتظار کرنا اہم ہے جب تک کہ مٹی کسی قدر خشک ہو جائے تاکہ سوائل کورز کھوکھلے دندانوں میں چپک نہ جائیں
- ☐ اچھی طرح احاطہ کرنے کو یقینی بنانے کے لیے لان کو کم سے کم دو سمتوں میں ایئریٹ کریں۔
- ☐ ڈھلان والی جگہوں پر، عمارتوں، درختوں کے تنوں اور زمینی منظر کی روشوں کے قریب دھیان رکھیں۔


**معاون مشورہ:** اگر ایئریشن سے متعلق شک و شبہ میں ہیں تو کم سے کم 6 انچ کی گہرائی سے اپنے لان کے کور کا ایک نمونہ لیں۔ اگر گھاس کی جڑیں صرف ابتدائی 2-1 انچ اندر تک پھیلی ہوئی ہیں تو آپ کی مٹی جمی ہوئی ہو سکتی ہے اور ایئریشن سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ ایک موسمی اثر کی توقع کریں جس میں ٹھنڈے موسم کی گھاس کی جڑیں موسم گرما کے اواخر میں سب سے چھوٹی اور موسم بہار کے اواخر میں اپنی سب سے زیادہ گہرائی میں ہوتی ہیں۔

## بے نمو بنام پژمردہ گھاس – مجھے کس طرح پتہ چلے گا؟

کسی خاکستری لان کا ہمیشہ یہ مطلب نہیں ہوتا کہ آپ کا لان پژمردہ ہے – یہ بس بے نمو ہو سکتا ہے۔ جب موسم سرما کے سرد مہینوں میں گھاس بے نمو ہو جاتی ہے تو یہ پانی اور تقویت بخش غذاؤں کو محفوظ رکھنے کے لیے بڑھنا بند ہو جاتی ہے اور خاکستری ہو جاتی ہے۔ گھاس موسم سرما میں بھی بے نمو ہو سکتی ہے، اگر آپ کے لان پر انتہائی حرارت یا پانی کے رساؤ سے دباؤ پڑتا ہے۔ لان کا بے نمو ہونا عام طور پر عارضی ہوتا ہے اور جب پر تناؤ حالات کم ہو جائیں گے تو بحالی قدرتی طور پر عمل میں آئے گی۔


سرد موسم یا خشک سالی کو برداشت کرنے **والی گھاس کی قسموں کا انتخاب کرنا اہم ہے** – یہ قسمیں طویل حرارت کی مدتوں کے دوران قدرتی طور پر بے نمو ہو جائیں گی اور جب صحیح درجۂ حرارت واپس آئے گا تو دوبارہ بحال اور سرسبز ہو جائیں گی۔

اگر آپ معمولی یا بلا کسی مزاحمت کے اپنی گھاس اکھاڑ سکتے ہیں یا آپ کے لان میں خاکستری رنگ یکساں نہیں ہے (یعنی خاکستری رنگ کے واضح پیچیز پائے جاتے ہیں) تو آپ کی گھاس پژمردہ ہو سکتی ہے۔



## ڈی-تھیچنگ کرنا

**کیا + کیوں:** تھیچ پژمردہ تنوں اور جڑوں کی اس تہ کو کہتے ہیں جو مٹی کی سطح کے اوپر بنتی ہے۔ تھیچ آپ کے لان کے لیے فائدہ مند یا نقصان دہ بھی ہو سکتی ہے، جس کا انحصار اس پر ہے کہ وہ کتنی پائی جاتی ہے۔ لان میں تھیچ کی ایک پتلی سی تہ آدھی انچ یا اس سے کم درجۂ حرارت کے انتہائی حالات اور مٹی کی بدلتی ہوئی نمی کے خلاف انسولین فراہم کر سکتی ہے۔ تھیچ کی ایک موٹی تہ، ایک انچ یا اس سے زیادہ، آپ کے لان کی تقویت بخش غذائیں جذب کرنے کی صلاحیت کو متاثر کر سکتی ہے۔ گیلی تھیچ اضافی پانی روک سکتی ہے، جو آکسیجن کو مٹی میں جانے سے روک سکتی ہے۔




**کیسے:** تھیچنگ کے لیے سب سے اچھا وقت وہی ہے جب آپ کا لان سرسبز ہوتا ہے۔ کسی ناپختہ لان یا ایسے لان کو ڈی-تھیچ نہ کریں جو گیلا ہو۔ آپ کے لان کو ڈی-تھیچ کرنے کے دو خاص طریقے ہیں:

1. دستی طور پر کسی لیف ریک، گارڈن ریک یا تھیچنگ ریک سے۔
2. کسی پاور ڈی-تھیچر یا کسی پاور ریک سے۔ دونوں ایک ہی مشین سے انجام دئے جاتے ہیں – فرق بس اس گہرائی کا ہوتا ہے جس پر کاٹنے والے چاقو سیٹ کیے جاتے ہیں۔ پاور ریکنگ کرتے وقت، ڈی-تھیچنگ مشین اوپر سیٹ کی جاتی ہے تاکہ بلیڈز بس سطح کو ہلکا سا چھو سکیں۔ ڈی-تھیچ کرنے کے لیے، مشین نیچے سیٹ کی جاتی ہے تاکہ بلیڈز مٹی کی سطح کے اندر پہنچ سکیں۔

- ☐ پاور ڈی-تھیچرز کرائے پر حاصل کیے جا سکتے ہیں یا آپ اسے انجام دینے کے لیے زمینی منظر سے متعلق کسی پیشہ ور کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ وہ بہت بھاری ہو سکتے ہیں اور عام طور پر انہیں منتقل کرنے کے لیے ایک سے زیادہ اشخاص کی ضرورت ہوگی۔
- ☐ ڈی-تھیچنگ کرنے سے پہلے، اپنے لان کو اس کی موونگ کی عام اونچائی کے تقریباً نصف تک تراش دیں۔



☐ اپنے ڈی-تھیچر پر بلیڈ کی گہرائی اور فاصلہ سیٹ کر دیں۔ تھیچ کو ہٹانے اور مٹی کی سطح کو ہلکا سا ابھارنے کے لیے مثالی طور پر بلیڈز کی گہرائی اس طرح سیٹ کی جاتی ہے کہ وہ مٹی میں نصف انچ تک کاٹ سکیں۔ فاصلہ کے لیے، زیادہ سخت اور ٹھنڈے موسم کی گھاسوں کو مثالی طور پر تقریباً ایک سے دو انچ تک کی ضرورت ہوتی ہے۔

☐ بہتر احاطہ کے لیے کراسنگ پیٹرنس کے ساتھ اس جگہ کے اوپر بھی گزاریں جس کی آپ ڈی-تھیچنگ کر رہے ہیں۔

☐ جب کام پورا ہو جائے تو تمام تھیچ اور ملبہ کو لان سے ہٹانا نہ بھولیں۔ آپ اس مواد کو گرین کارٹ میں ڈال سکتے ہیں۔

☐ آپ کے لان کے ڈی-تھیچ کر دئے جانے کے بعد عام طور پر یہ آپ کے لان کو فرٹیلائز کرنے یا اس میں دوبارہ بیج ڈالنے کا شاندار وقت ہوتا ہے۔ اگر آپ دوبارہ بیج ڈالتے ہیں تو مٹی میں بیجوں کی ریکنگ کرتے ہوئے متابعت کریں، فرٹیلائزر ڈالیں اور نامیاتی مواد جیسے کھاد کی ہلکی سی کورنگ کا استعمال کریں۔

☐ ڈی-تھیچنگ کے بعد کے دنوں میں آپ کے لان میں اضافی پانی دینا ایک اچھا خیال ہے، خاص طور پر زیادہ حرارت اور خشک سالی کے اوقات کے دوران۔

**معاون مشورہ:** اگر آپ کے پاس آب پاشی کا کوئی خودکار سسٹم ہے تو ان کے سروں کو کسی جھنڈے یا چھڑی سے نشان زد کرنا نہ بھولیں تاکہ آپ انہیں نقصان پہنچانے سے بچ سکیں۔

## فرٹیلائزنگ

**کیا + کیوں:** آپ کے لان کی فرٹیلائزنگ اہم تقویت بخش غذائیں فراہم کرتی ہے جو صحت مند نمو میں مدد دیتی ہے۔ اچھی طرح قائم لانس کو عام طور پر فرٹیلائزنگ کی ضرورت نہیں ہوتی ہے، لیکن اگر آپ فرٹیلائز کرنے جا رہے ہیں تو ان مشوروں پر عمل کریں۔

**کیسے:**

☐ فرٹیلائزرز پر غور کرتے وقت، دھیرے دھیرے ریلیز ہونے والی قسم کا انتخاب کریں۔ یہ آپ کے پودوں کو دھیرے دھیرے غذا فراہم کرے گا بجائے تقویت بخش غذا کے ایک اچانک مختصر دھماکے کے جو فوری ریلیز والے فرٹیلائزرز فراہم کرتے ہیں۔ دھیرے دھیرے ریلیز ہونے والے اچھے معیار کے فرٹیلائزرز وقت کے ساتھ مناسب متوازن تقویت بخش غذا فراہم کریں گے تاکہ ایسے زیادہ صحت مند پودے اور جڑ کے سسٹم پروان چڑھ سکیں جو حرارت، ٹھنڈ، خشک سالی اور دیگر دباؤ کا سامنا کر سکیں۔

☐ فرٹیلائز کرنے کے لیے موسم گرما کے اوائل کا وقت (جب آپ کا لان سرگرمی سے بڑھنا شروع کرتا ہے اس کے بعد) اور موسم خزاں سب سے اچھے اوقات ہیں۔ موسم خزاں میں فرٹیلائزیشن گھاس کی موسم سرما کی سختی برداشت کرنے کی صلاحیت کو بڑھاتا ہے اور تقویت بخش غذائیں، خاص طور پر پوٹاشیم، فراہم کرتا ہے، جو گھاس کے قطعہ کو زیادہ مضبوط بناتا ہے۔ اس دن کے مخصوص وقت کا انحصار موسم کے حالات پر منحصر ہے جس میں آپ فرٹیلائز کرتے ہیں۔ اگر اگلے 24 گھنٹوں کے اندر بارش کی پیشین گوئی کی گئی ہے تو فرٹیلائزر نہیں ڈالا جانا چاہیے۔ دھیان رکھیں کہ فرٹیلائزنگ کے بعد اپنے لان میں زیادہ پانی نہ دیں – یہ تقویت بخش غذاؤں کے آپ کے لان سے نتھرنے اور بارش کے پانی کی نالی میں جانے، اور بالآخر ہماری ندیوں میں آنے کا سبب بن سکتا ہے۔ کوئی بھی فرٹیلائزر استعمال کرنے سے پہلے تھیلے پر دی گئی ہدایات ہمیشہ دھیان سے پڑھیں۔

☐ لان کے نامیاتی فرٹیلائزر، جیسے مرکب کھاد، بھی وہ وٹامنز اور معدنیات فراہم کرتی ہے جنہیں آپ کا لان سرسبز و شاداب رہنے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ فرٹیلائزر کی اس خصوصی قسم میں جانوروں کے وہ پروٹین بھی شامل ہو سکتے ہیں جو جانوروں کی پروسیس کی ہوئی مصنوعات یا فضلہ، پوٹاش، سمندری کائی، گوبر، مرکب کھاد اور کارن گلوٹن میل سے حاصل کیے گئے ہوں۔

**معاون مشورہ:** فرٹیلائزر کے تھیلے پر نائٹروجن کا فیصد تین نمبرات میں سے ہمیشہ سب سے پہلے ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر، کوئی 34-6-6 فرٹیلائزر 34 فیصد نائٹروجن فی تھیلا وزن پر مشتمل ہوتا ہے۔ لیکن تنہا یہ نمبر اس بارے میں زیادہ کچھ نہیں بتاتا کہ اس پروڈکٹ میں فی الواقع کس قسم کا نائٹروجن ہے۔ 23-3-3- دھیرے دھیرے ریلیز ہونے والے کسی فرٹیلائزر کے لیے نائٹروجن-فاسفورس-پوٹاشیم کا صحیح تناسب ہے۔



- ☐ سالانہ دو سے تین بار ڈالا جانے والا لان کا نامیاتی فرٹیلائزر بہت سے مصنوعی علاجوں کی جگہ لے سکتا ہے جس کا انحصار آپ کے لان کی غذائی ضروریات پر ہے۔ یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ فرٹیلائزنگ کسی صحت مند لان کے لیے اچھی دیکھ ریکھ کے مشاغل میں سے صرف ایک جزو ہے۔
- ☐ کسی کارٹ یا دستی اسپریڈر سے فرٹیلائزنگ کرتے وقت ایک پونڈ کا تقریباً چوتھائی نائٹروجن ڈالیں۔ سال کے دوران نائٹروجن کی تھوڑی سی مقدار فراہم کرنا بھی معاون ہوتا ہے؛ گھاس کی سائیکلنگ (گھاس کے تراشے لان میں چھوڑنا) ایسا کرنے کا ایک شاندار طریقہ ہے۔

## موجودہ لان میں بیج ڈالنا

**کیا + کیوں:** آپ کے لان کا گھناپن بڑھانے کے لیے اوپر بیج ڈالنا ضروری ہو سکتا ہے۔ گھنے لان میں کم گھاس پھوس ہوتے ہیں اور وہ زیادہ صحت مند ہوتا ہے۔ کیڑے مکوڑے، انتہائی موسمی حالات اور لاپرواہی پر مبنی نظم بھی لان کو نقصان پہنچا سکتے ہیں، حتی کہ اس وقت بھی جب مٹی اچھی حالت میں ہو۔ اگر آپ کا لان قدرے کم گھنا ہے تو صحیح طریقہ سے تراشنا، فرٹیلائزنگ اور پانی دینے کے مشاغل میں سے اسے سب کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ تاہم، اگر اس سے مدد نہیں ملتی ہے تو اوپر سے لان کی اچھے معیار کے بیج ڈالنا اس کا حل ہو سکتا ہے۔

**کیسے:** اپنے بیج کا انتخاب کرنا – ٹھنڈے موسم والی قسمیں استعمال کرنا یاد رکھتے ہوئے، گھاس کی ایک ایسی بیج کا انتخاب کریں جس میں فیسکیو مواد زیادہ (کم سے کم 60 فیصد) ہو اور کینٹکی بلو مواد کم (زیادہ سے زیادہ 20 فیصد) ہو۔ بیج کے ایک ایسے مرکب کا انتخاب کریں جس میں صرف بیج کی طبیعی خصوصیات، جیسے خالص ہونے اور اپجنے کی صلاحیت، ہی زیادہ نہ ہوں بلکہ وہ مطلوبہ استعمال کے لیے گھاس کی اقسام کے بہترین مرکب پر بھی مشتمل ہو۔ طویل مدتی بنیاد پر، آمیزے زیادہ دیرپا لان مہیا کرتے ہیں۔

- ☐ اس سے پہلے کہ آپ کم گھنی جگہوں پر بیج پھیلائیں، یقینی بنائیں کہ مٹی کے ساتھ بیج کا اچھا ربط پایا جائے، اور کسی بھی پژمردہ گھاس یا ملبہ کو صاف کر دیں۔ اوپر بیج ڈالنے سے پہلے لان کو تیار کرنے کے لیے ڈی-تھیچرز، ایئریٹرز یا عمودی معورز بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔
- ☐ اپنے اوپر سے بیج ڈالنے کے لیے بارش سے ایک دن پہلے کا وقت مقرر کریں۔ گرم موسم کی پیشین گوئی سے پہلے ایسا نہ کریں۔ اپجنے کے لیے بیج کو پانی کی ضرورت ہوگی۔
- ☐ اگر لان کم گھنا (1.8 کلو گرام یا تین تا چار پونڈز تک) ہے تو فی 1,000 مربع فٹ 900 گرام (2 پونڈ) یا اس سے زیادہ استعمال کریں۔ اپنے نئے بیج ڈالے ہوئے لان میں پانی دینے سے متعلق مزید معلومات کے لیے واٹرنگ 101 گائڈ کی طرف رجوع کریں۔

**معاون مشورہ:** مٹی کی زرخیزی، نمی کی دستیابی، سورج کی روشنی کی سطحیں اور ٹریفک آمیزے کی نوعیت کو متاثر کرتی ہیں جو آپ کے یارڈ کے لیے بہترین نتائج فراہم کریں گی۔ اپنے لان میں گھاس کی بیج کی قسموں کے آمیزے بونے کے بارے میں غور کریں۔ لان کی بیج کے خشک سالی کو برداشت کرنے والے آمیزے کے لیے کالگیری میں مقامی نرسریوں اور گارڈن سنٹرز کی جانچ کریں۔

## آپ کی گھاس کی جڑ کی قسم کا انتخاب کرنا

بیج سے لان کا آغاز کرنے کے لیے آپ کے لان میں گھاس کی جڑیں ڈالنا ایک زیادہ تیز رفتار متبادل ہو سکتا ہے۔ تاہم، گھاس کی بیج کے مرکب کا انتخاب دھیان سے اور اس دیکھ بھال اور استعمال کے مطابق کرنا اہم ہے جو آپ کے لان کو موصول ہوگا۔

مقامی، خشک سالی کو برداشت کرنے والی جڑیں تلاش کریں، جیسے گھاس کی ایسی جڑیں جن میں فیسکیوز زیادہ ہوں۔ انہیں کم آب پاشی اور دیکھ ریکھ کی ضرورت ہوگی، وہ مٹی کے بدلتے ہوئے حالات کے تحت پھولیں پھلیں گی اور کالگیری کی آب و ہوا کے لیے زیادہ توانا ہوں گی۔

کینٹکی بلو گراس کے مرکبات کو، جب کہ وہ بیماری کے تئیں زیادہ توانا ہوتے ہیں اور زیادہ جلدی سرسبز ہو جاتے ہیں، مقامی، خشک سالی کو برداشت کرنے والی گھاس کی جڑوں کی قسموں کے بالمقابل کہیں زیادہ آب پاشی اور دیکھ ریکھ کی ضرورت ہوتی ہے۔ گھاس کی جڑوں کی قسموں کے لیے اپنی مقامی نرسری میں جائیں۔



## صحت مند مٹی = صحت مند لان

آپ کا لان اتنا ہی صحت مند ہوتا ہے جتنی صحت مند اس کے نیچے کی مٹی ہوتی ہے۔ مٹی کی جانچ مٹی میں پودوں کے لیے دستیاب تقویت بخش غذاؤں اور اس چیز کی پیمائش کرتی ہے کہ مٹی اور اس کے نامیاتی مواد کے مشمولات میں کتنی تیزابیت پائی جاتی ہے۔ آپ کو اپنی مٹی کی جانچ اس لیے کرانی چاہیے کیوں کہ آپ کے لان کے لیے فرٹیلائزر اور آرائشی درختوں سے متعلق سفارشات اسی معلومات کی بنیاد پر کی جا سکتی ہیں۔

مٹی کی جانچ میں دو مراحل شامل ہیں۔

1. اپنے لان سے مٹی کا نمونہ لیں۔
2. اسے تجزیہ کے لیے کسی تجربہ گاہ میں بھیجیں۔

چوں کہ سامنے اور پیچھے کے یارڈز کے ساتھ اکثر الگ رویہ اپنایا جاتا ہے، اس لیے آپ کو ہر جگہ سے علیحدہ نمونے لینے چاہئیں۔ لان سے لی جانے والی مٹی کو سبزیوں اور پھولوں کے باغوں سے لی جانے والی مٹی کے ساتھ نہ ملائیں۔

کالگیری کی مٹی زیادہ تر چکنی مٹی پر مبنی اور ایلکلائن ہوتی ہے، اور عام طور پر کیفیت کو بہتر بنانے کے لیے مرکب کھاد کے ساتھ ملائی جا سکتی ہے۔ مفت مرکب کھاد لینے کی تاریخوں اور مقامات کے لیے **calgary.ca** کی جانچ کریں۔

## آپ کے لان کی ونٹرائزنگ کرنا (موسم سرما میں استعمال کے قابل بنانا)

وہ کارروائیاں جو آپ موسم خزاں میں انجام دیتے ہیں آپ کو موسم بہار میں ایک صحت مند لان رکھنے کے لیے تیار کریں گی۔

- ☐ اگست کے اخیر سے آغاز کرتے ہوئے، اپنی گھاس کو زیادہ لمبی مدت تک چھوڑ دیا کریں۔ اس سے آپ کی گھاس کو موسم سرما زیادہ بہتر طریقہ سے برداشت کرنے میں مدد ملے گی۔
- ☐ اپنی گھاس کو بے نمو حالت کی طرف بڑھنے دیں۔ اپنے لان کو اس وقت پانی دینا بند کر دیں جب دن کی طوالت مختصر ہونا اور راتیں ٹھنڈی ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔
- ☐ اس سے پہلے کہ درجۂ حرارت کم ہو، اپنے ہوسیز کا پانی نکالنا، اپنے رین بیریل خالی کرنا اور انہیں کہیں اور رکھنا شروع کر دیں تاکہ انہیں کریک اور منجمد ہونے سے بچایا جا سکے۔

## اسکریچ سے یارڈ شروع کرنا

اسکریچ سے آپ کا یارڈ شروع کرنا ایک حوصلہ شکن کام ہو سکتا ہے۔ اپنے یارڈ کی ٹھیک سے منصوبہ بندی کرنے کے لیے وقت نکالنے سے ایک محکم منصوبۂ عمل تیار کرنے میں آپ کو مدد ملے گی۔ ان سادہ سے مراحل پر عمل کرنا آپ کو کالگیری میں باغبانی کی کامیابی کے لیے تیار کرے گا۔

1. **اپنے یارڈ کے لیے منصوبہ تیار کریں۔** YardSmart کی منصوبہ بندی + ڈیزائن کا کتابچہ استعمال کریں، اور منصوبہ بندی اور ڈیزائن کے دس مراحل پر عمل کریں۔ کچھ کلیدی غور و فکر میں شامل ہیں:
   - ☐ اپنے یارڈ کو جاننا شروع کرنا – اس پر دھیان دیں کہ دھوپ اور چھاؤں والے حصے کہاں ہیں اور پانی کی نالیاں اور گڑھے کہاں ہیں۔
   - ☐ اپنے زمینی منظر کی ضروریات اور تقاضوں کو اولیت دینا – اپنے اغراض و مقاصد کا تعین کریں اور شناخت کریں کہ استعمال کنندگان کون ہوں گے۔ کیا آپ کو پالتو جانوروں اور بچوں کے لیے لان کی جگہ کی ضرورت ہے؛ کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا یارڈ کم دیکھ ریکھ والا ہو؛ کیا آپ سبزیاں اگانا چاہتے ہیں؛ کیا آپ ایک بیرون خانہ بیٹھک کی جگہ چاہتے ہیں؟
   - ☐ ایک ڈیزائن تیار کرنا اور پودوں کا انتخاب کرنا – پانی کی یکساں ضروریات والے پودوں کو باغ کی ان جگہوں میں یکجا رکھیں جو ان کی ضروریات کے لیے موزوں ہوں۔ یا تو مقامی پودوں یا پھر ایسے پودوں کا انتخاب کریں جو وقت کی کسوٹی پر کم پانی استعمال کرنے والے ثابت ہو چکے ہیں جو کالگیری کی آب و ہوا میں پھلتے پھولتے ہیں۔ سفارش کردہ سخت کوش، پانی کے تئیں موافق درختوں اور جھاڑیوں، اور سال بھر رہنے والے پودوں اور کئی سال رہنے والے پودوں کے لیے YardSmart کے مواد سے رجوع کریں۔



2. **ٹائم لائنز پر غور کریں۔** اگر بیج سے لان تیار کر رہے ہیں یا نئی گھاس کی جڑیں ڈال رہے ہیں تو آپ کو اپجنے اور قائم ہونے کی ٹائم لائنز شامل کرنے کی ضرورت ہوگی۔ یہ نہ بھولیں – آپ کو ہر چیز بیک وقت نہیں کرنی ہے۔ ایسے معقول اہداف مقرر کریں جو آپ ہر موسم میں حاصل کر سکیں۔ آپ کے نئے منصوبے شروع کرنے کا سب سے اچھا وقت موسم بہار میں ہے۔

3. **اپنی مٹی کو بہتر بنائیں۔** کسی صحت مند باغ یا لان کے لیے **اچھے معیار کی مٹی کی کم سے کم آٹھ انچ کے بیس** کی سفارش کی جاتی ہے۔ اس چیز کی تعیین کے لیے calgary.ca پر ایک آن لائن ٹاپ سوائل کیلکولیٹر دستیاب ہے کہ کسی منصوبہ کے لیے آپ کو کتنی مٹی کی ضرورت ہے۔ بھاری چکنی مٹی میں دھیرے دھیرے نکاس کا راستہ بنتا ہے جب کہ ریتیلی یا پتھریلی مٹی میں بہت جلدی نکاس کا راستہ بنتا ہے۔ اپنی مٹی کے انجذاب اور پانی روکنے کی صلاحیت اور نکاس کے راستہ کو بہتر بنانے کے لیے مرکب کھاد ڈالیں۔

4. **اسکریچ سے ایک لان شروع کریں۔** اپنی زمین کو ٹھیک سے برابر کریں اور یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس کم سے کم چھ انچ اچھی مرکب کھاد ہو۔ آپ نئی بیج یا گھاس کی جڑ کے ساتھ اپنے لان کا آغاز کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ نئی بیجوں کو اپجنے میں تین ہفتے تک لگیں گے جب کہ گھاس کی جڑیں کہیں زیادہ جلدی اپج جائیں گی۔ دھیان رکھیں کہ آپ صحیح بیج کے مرکب یا گھاس کی جڑ کی قسم کا انتخاب کر رہے ہیں (بیج کی قسموں کے لیے "موجودہ لان میں بیج ڈالنا" سیکشن دیکھیں)۔ یہ اہم ہے کہ پوری طرح قائم ہونے تک آپ پانی دینے کا ایک متواتر لائحہ عمل برقرار رکھیں۔ اپنے نئے قائم کردہ لان میں پانی دینے سے متعلق مزید معلومات کے لیے واٹرنگ 101 گائڈ کی طرف رجوع کریں۔

5. **ملچ کی کھاد استعمال کریں۔** درختوں کی چھال، لکڑیوں کے ٹکڑے اور پتھر مٹی سے تبخیر کو کم کرنے، گھاس پھوس کے نمو کو روکنے اور مٹی کے ضیاع کو کم کرنے میں مدد دیتے ہیں، جس سے آپ کے پودوں کو اضافی پانی فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

6. **بیماری سے متاثر گھاس پھوس، درختوں اور جھاڑیوں کو ٹھکانے لگا دیں۔** اگر آپ کے یارڈ کی مرمت میں بیماری کے شکار درختوں اور جھاڑیوں، یا ضرر رساں یا جارحانہ گھاس پھوس کا نکالنا شامل ہے تو انہیں مناسب طریقہ سے ٹھکانے لگانے سے متعلق معلومات کے لیے calgary.ca پر کون سی چیز کہاں جاتی ہے دیکھنا نہ بھولیں۔

7. **جب شبہ میں ہوں تو مدد طلب کریں۔** calgary.ca پر نظر ڈالنے یا 311 پر رابطہ کرنے میں تردد نہ کریں اور ہم حل تلاش کرنے میں آپ کی مدد کریں گے۔ نیز، باغبانی سے متعلق کسی کتاب سے رجوع کرنے اور اس بارے میں معلومات کے لیے کہ یہ کیسے کریں اپنے مقامی گارڈن سنٹر کے ماہر سے بات کرنے پر غور کریں۔

**معاون مشورہ:** شہر کالگیری مفت ملچ کی کھاد اور مرکب کھاد لینے کی تاریخیں پیش کرتا ہے۔ تاریخوں اور مقامات کے لیے calgary.ca کی جانچ کریں۔